سلام

سید الشعراء سید محمد حسن صاحب سالکؔ مرحوم

کہا شبیر نے، تا حشر ظلم اے آسماں کوئی　اُٹھا رکھنا نہ اوروں کے لئے اب امتحاں کوئی
عبارت وہ، یہ تفسیریں، وہ سامت ہے، یہ ناطق ہیں　بجز آلِ نبیؐ کیا سمجھے قرآں کی زباں کوئی
علیؑ کا شیر تنہا ہے، ہے سناٹا سرِ ساحل　نہ لشکر ہے یہاں کوئی، نہ پہرا ہے وہاں کوئی
علی اکبرؑ تو اب رن میں فرس پر تھم نہیں سکتے　کہیں کس سے کہ بڑھ کر کھینچ لے دل سے سناں کوئی
ہجومِ غم میں بھی، اللہ اکبر! تابہ لب شہ کے　نہ آیا شکوۂ بے التفاتیِ جہاں کوئی
زمینِ کربلا پر جب چھڑی جنگِ حق و باطل　بجز قربانیِ سرورؑ نہ آیا درمیاں کوئی
لُٹے ہیں جس طرح اہلِ حرم بعدِ شہِ والا،　نہیں لوٹا گیا ایسا جہاں میں کارواں کوئی
یہ نصرت اور یہ سن، ظلم گھبرا کر پکار اٹھا　علی اصغرؑ کی جرأت کا نہ دیکھا بے زباں کوئی
حقیقت ہے، سُنے ہیں واقعاتِ کربلا جب سے　بھلی لگتی نہیں کانوں کو غم کی داستاں کوئی
غمِ شبیرؑ نے اک بوند پانی کو یہ عزت دی　نہ لگ پائی جہاں سے قیمت اشکِ رواں کوئی
وہ لرزی کربلا سالکؔ دلِ شبیرؑ کی صورت　وہ تڑپا کھا کے پھل برچھی کا دل پر نوجواں کوئی

سلام

شاعرِ آلِ محمدؐ سید نواب افسرؔ لکھنوی

ہر دل کو تجھ سے ربطِ فراواں ہے اے حسینؑ　تیرے لئے ہر ایک مسلماں ہے اے حسینؑ
سر اپنا دے کے رحمتِ باری خرید لی　دامانِ مغفرت ترا داماں ہے اے حسینؑ
گزرا ہے کس طرح رہِ صبر و رضا سے تو　جو نقشِ پا ہے، دیدۂ حیراں ہے اے حسینؑ
تیرے ثبات وصبر نے دی تھی جسے شکست　اب تک وہ ظلم سر بہ گریباں ہے اے حسینؑ
رونے سے بزدلی نہیں آتی، خدا گواہ!　جو اشکِ غم ہے، عزم کا طوفاں ہے اے حسینؑ
اپنی حیات اپنے مقاصد کو بخش دی　یہ بھی تو ایک فتح کا عنواں ہے اے حسینؑ
احساں زمانے بھر پہ ہے دینِ رسولؐ کا　دینِ رسولؐ پر ترا احساں ہے اے حسینؑ
اپنے لہو سے تو نے جلایا ہے جو چراغ　وہ آندھیوں کی زد پہ فروزاں ہے اے حسینؑ
اللہ! ایک دل پہ ترے کتنے داغ ہیں　سینہ نہیں ہے، گنجِ شہیداں ہے اے حسینؑ
بے امتیاز سارا زمانہ ہے فیض یاب　کردار ہے کہ مہرِ درخشاں ہے اے حسینؑ
محروم کیوں رہے نگہِ التفات سے،　افسرؔ ترا غلامِ ثنا خواں ہے اے حسینؑ